شعبہ سوشیل ورک مانو کے 5 طلبہ کا آن کیمپس پلیسمنٹ

حیدرآباد، 19/ مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ سماجی عمل (Social Work) کے 5 طلبہ کا میں حیدرآباد کے ایک مشہور غیر سرکاری ادارے (این جی او) ''صفا سوسائٹی'' کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے۔ یہ تنظیم حیدرآباد کے پسماندہ علاقوں میں خواتین کی بااختیاری اور لڑکیوں کی تعلیم کے میدان میں کام کررہی ہے۔ تنظیم نے اپنے دائرہ کار کو وسعت دینے کے لیے شعبۂ سوشل ورک کو تازہ بھرتیوں کے لیے منتخب کیا ہے۔

شعبہ کے خداداد خان کو سنٹر کوآرڈینیٹر، عبدالستار کو بیدر، کرناٹک میں کمیونٹی موبیلائزر، جبکہ صدام حسین اور محمد ریحان کو حیدرآباد میں کمیونٹی موبیلائزر کا عہدوں پر انتخاب عمل میں آیا۔ ایک طالب علم صفی اللہ شیخ کا حیدرآباد کونسل آف ہیومن ویلفیئر (ایچ سی ایچ ڈبلیو) میں کمیونٹی موبلائیزر کے عہدہ پر تقرر ہوا۔

مجموعی طور پر ایم ایس ڈبلیو کے 9 طلبہ پیرامل فاؤنڈیشن، صفا انڈیا اور ایچ سی ایچ ڈبلیو میں انتخاب عمل میں آیا۔ تمام اداروں نے طلبہ کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے پر شعبہ کی کاوشوں کی ستائش کی۔ پیرامل فاؤنڈیشن نے نشاندہی کی کہ طلبہ کی صلاحیتوں میں نکھار اور عملی تربیت کی فراہمی شعبۂ سماجی عمل کی نمایاں خصوصیت ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر